# میزان الادیان بالاسلام

## ابتدائی 40 فیصد معروضی سوالات


معلم:

حضرت علّامہ مولانا محمّد وارث عطّاری مدَنی

درَجہ سابِعہ جامعۃ المدینہ فیضانِ مدینہ جھنگ


غلَطی پائیں تو برائے کرم مطّلع فرمائیں

0312.4254825

جزاك اللهُ خيرًا كثيرًا

بسم اللہ الرحمن الرحیم و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# اسلام

1۔ میزانُ الاَدیانِ بالاِسلام کے مُؤلّف کانام ہے؟ ابوسعد مولانا گُل رضا عطّاری مدَنی

2۔ مذہب کالغوی معنی ہے؟ جس راستے پر چلا جائے

3۔ مذہب کااصطِلاحی معنی ہے؟ جس راستے پر چل کر عبادات و احکامات کو بجالایا جائے

4۔ ائِمّۂِ اسلام کی اصطلاح میں لفظِ مذہب استعمال ہوتا ہے؟ رائے یامسلک کے معنی میں

5۔ دین کالغوی معنی ہے؟ راستہ، عقیدہ و عمل کا

6۔ مفردات کس کی کتاب ہے؟ امام راغب اصفہانی کی

7۔ مفردات میں دین کا معنی ہے؟ الطّاعۃ و الجزاء

8۔ صحیح بخاری میں دین کی تعریف ہے؟ خیر و شر کی جزا کانام دین ہے

9۔ دین و مذہب میں سے زیادہ جامع کیا ہے؟ دین

10۔ دین و مذہب میں سے محدود معنٰی کس کا ہے؟ مذہب کا

11۔ اسلام مذہب ہے یا دین؟ دین

12۔ لفظِ مذہب کن نظریاتِ حیات پر بولا جاتا ہے؟ جو نظریاتِ حیات دین و دنیا کی تفریق پر مبنی ہیں

13۔ کسی مذہب کے بنیادی عناصر کتنے ہیں؟ 3

14۔ کسی مذہب کے بنیادی عناصر کونسے ہیں؟ عقیدہ، رسوم، اخلاق

15۔ عقد کا لغوی معنی ہے؟ کسی چیز کو باندھنا، گرہ یا گانٹھ لگانا

16۔ اصطلاح میں عقیدہ سے مراد؟ جو قلبی تصدیق کسی تصور میں یقین کی کیفیت پیدا کرے

17۔ جن عقائد پر عقیدہ کی بنیاد رکھی گئی انہیں کہتے ہیں؟ ارکانِ ایمان

18۔ رسم کے معنی ہیں؟ رِیت، رواج، دستور، قاعدہ

19۔ کس کے بغیر الہامی مذہب کے وجود کا تصور ممکن نہیں؟ رُسوم

20۔ دینِ اسلام کی رُسوم ماخوذ ہیں؟ براہِ راست اصلِ وحی سے صراحتاً یا اشارتاً

21۔ اخلاق میں بیان کیا جاتا ہے؟ انسانی اعمال کے فضائل و رزائل

22۔ خُلق کا معنی ہے؟ پختہ عادت

23۔ اصطلاح میں خُلق سے مراد ہے؟ ایسی کیفیت جسکی وجہ سے بغیر توجہ کے اعمال سرزد ہوں

24۔ ادیان و مذاہب کو کتنی اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟ 2

25۔ادیان و مذاہب کو کونسی اقسام میں تقسیم کیاجاسکتاہے؟سامی و غیر سامی اور الہامی و غیر الہامی مذاہب

26۔خاص نسل کی بنیاد پر مذاہب کی تقسیم کونام دیاجاتا ہے؟سامی وغیر سامی ادیان

27۔سامی و غیر سامی ادیان کے اعتبار سے بڑے گروہ کتنے ہیں؟3

28۔سامی و غیر سامی ادیان کے اعتبار سے بڑے گروہ کونسے ہیں؟سامی، آریائی، منگولی

29۔آریائی و منگولی مذاہب کو کس کے مقابلے میں بیان کیاجاتاہے؟سامی کے

30۔آریائی و منگولی مذاہب کا تعلق ہے؟غیر سامی سے

31۔سامی مذاہب منسوب ہیں؟حضرت سام کیطرف

32۔حضرت سام کے والد کانام؟حضرت نوح علیہ الصلوۃ و السلام

33۔یہودیت، عیسائیت اور اسلام کس میں داخل ہیں؟سامی مذاہب میں

34۔ہندو مت، جین مت، سکھ مت، زرتشت، پارسی کس میں داخل ہیں؟آریائی مذاہب میں

35۔آریائی مذاہب میں شامل ہونے یا نہ ہونے میں کس کے بارے میں اختلاف ہے؟بدھ مت

36۔کنفیوشس اِزم، شنٹو اِزم، تاؤ اِزم کس میں داخل ہیں؟منگولی مذاہب میں

37۔منگولی مذاہب کادوسرانام ہے؟چینی مذاہب

38۔الہامی مذاہب کی بنیاد ہوتی ہے؟وحی الٰہی پر

39۔الہامی مذاہب کے دیگر نام ہیں؟سامی و سماوی مذاہب

40۔اسلامی اصطلاح میں عیسائیت اور یہودیت کے ماننے والوں کو کہاجاتا ہے؟اہلِ کتاب

41۔ بدھ مت، یونانی، آسٹریلیائی، قبائلیِ افریقہ، قدیم امریکی قوم کے مذاہب کس میں داخل ہیں؟ غیر سامی

42۔ اسلام کے لغوی معنی ہیں؟ بچنا، مصالحت، فراہم کرنا

43۔ لغوی اعتبار سے لفظِ اسلام کے مفہوم ہیں؟ 3

44۔ زرتشتیہ مذہب کا بانی کون تھا؟ زرتشت

45۔ یہودیہ کو یہودیہ نام کیوں دیا گیا؟ کیونکہ یہ یہودا قبیلہ کے درمیان ظاہر ہوا

46۔ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ و السّلام نے کس دین کا پرچار کیا؟ دینِ اسلام کا

47۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی پیدائش کا عیسوی سن کونسا ہے؟ 571ء

48۔ بوقتِ ولادتِ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام ظاہر ہونے والے نور سے کہاں کے محلات روشن ہو گئے؟ شام

49۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا؟ بنوہاشم

50۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کا شجَرَۂِ نسب کس سے جاملتا ہے؟ حضرت عدنان بن اسمٰعیل بن ابراہیم علیہما الصّلوٰۃ و السّلام

51۔ دادا نے حضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کا نام کیا رکھا؟ محمَّد صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم

52۔ والدہ نے حضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کا الہامی نام کیا رکھا؟ احمد

53۔ حضرت آمِنہ رضی اللہ عنہا کے والد قبیلۂِ قریش کے کس خاندان کے سردار تھے؟ بنوزہرہ

54۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام ہے؟ حضرت وہب بن عبد مناف رضی اللہ عنہ

55۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا شجرۂ نسب کس سے جاملتا ہے؟ عبد مناف بن قصی

56۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کفار مکہ نے کہاں محصور رکھا؟ شعبِ ابی طالب میں

57۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور ابو طالب کا انتقال کب ہوا؟ 619ء میں

58۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو معراج کب ہوئی؟ 620ء میں

59۔ بعدِ اعلانِ نبوت مکہ میں کتنا عرصہ دینِ اسلام کی دعوت دی؟ 13 سال

60۔ کس سن میں مدینہ منورہ کیطرف ہجرت کا حکم ہوا؟ 622ء میں

61۔ صلح حدیبیہ کب ہوا؟ 628ء بمطابق 6ھ میں

62۔ صلح حدیبیہ کیمطابق کتنا عرصہ جنگ نہیں ہو گی؟ 10 سال

63۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کا مبارک خط کس بد بخت نے پھاڑا؟ خسرو پرویز نے

64۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کن سے پیدا ہوئے؟ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے

65۔ مکہ مکرمہ کب فتح ہوا؟ 630ء میں

66۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے آخری حج کب فرمایا؟ 10ھ میں

67۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے کب ظاہری وصال فرمایا؟ 632ء میں

68۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا ہے؟ عبد اللہ

69۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا ہے؟ ابو بکر

70۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کا لقب کیا ہے؟ صدّیق و عتیق

71۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کی پیدائش ہوئی؟ عام الفیل کے 2 سال چند ماہ بعد مکہ میں

72۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کس عمر میں حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی صحبت میں آئے؟ 16 یا 18 سال

73۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ نے کس عمر میں اسلام قبول کیا؟ 38 سال

74۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں کس کا اکثر حصہ فتح ہو چکا تھا؟ شام و عراق

75۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ نے کب ظاہری وصال فرمایا؟ پیر و منگل کی درمیانی شب مغرب و عشاء کے درمیان 23 اگست 634ء بمطابق 22 جمادی الثانی 13ھ کو

76۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ

77۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لقب کیا ہے؟ فاروق

78۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا ہے؟ ابو حفص

79۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا سلسلۂ نسب کونسی پشت میں حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے جاملتا ہے؟ نویں

80۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی پیدائش ہوئی؟ عام الفیل کے 13 سال بعد مکہ میں

81۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبوت کے کونسے سال اسلام قبول کیا؟ چھٹے

82۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کس عمر میں اسلام قبول کیا؟ 35 سال

83۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کس نے خنجر کے وار سے زخمی کیا؟ ابولؤلؤفیروز مجوسی

84۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کس دن اور کس وقت زخمی کیا گیا؟ 26 ذوالحجہ 23ھ کو نمازِ فجر کے دوران

85۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کتنے دن تک موت و حیات کی کشمکش میں رہے؟ 4

86۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ظاہری وصال فرمایا؟ 3 نومبر 644ء بمطابق یکم محرم 24ھ

87۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا ہے؟ ابو عمرو

88۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا لقب کیا ہے؟ ذوالنورَین

89۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا سلسلۂ نسب کونسی پشت میں حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے جاملتا ہے؟ پانچویں

90۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام کیا ہے؟ اروٰی

91۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی دادی کا نام کیا ہے؟ امّ حکیم

92۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی دادی کس کیساتھ جُڑواں پیدا ہوئیں؟ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے والد کیساتھ

93۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی پیدائش ہوئی؟ عام الفیل کے 6 سال بعد

94۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کن کی دعوت پر اسلام قبول کیا؟ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ

95۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کس نمبر پر اسلام قبول کیا؟ چوتھے

96۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حبشہ و مدینہ کیطرف ہجرت کی بنا پر کیا کہا جاتا ہے؟ ذوالہجرتَین

97۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکاح میں آئیں؟ حضرت رقیّہ واُمّ کُلثوم رضی اللہ عنہما

98۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کس کو کوفہ کا والی بنایا؟ حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ

99۔ بحری فتوحات کا آغاز کس کے عہدِ خلافت میں ہوا؟ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

100۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے 28ھ میں اسلامی علَم کا پہلا بیڑا کہاں بلند کیا؟ جزیرۂِ قبرص یعنی سائپرس پر

101۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قیصرِ روم کے بیڑے کو کب شکست دی؟ 31ھ میں

102۔ قیصرِ روم کے بیڑے میں کتنے جنگی جہاز شامل تھے؟ 500

103۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں کس کی سربراہی میں قرآن کو جمع کیا گیا؟ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ

104۔ کس کے کہنے پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا 40 دنوں تک محاصرہ کیا گیا؟ عبداللہ بن سبا یہودی

105۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ظاہری وصال فرمایا؟ 18 ذو الحجہ 35ھ

106۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا ہے؟ ابوالحسن وابوتراب

107۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب کیا ہے؟ حیدر

108۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام ہے؟ فاطمہ بنتِ اسد

109۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟ 13 رجب کو مکہ میں

110۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پیدائش ہجرت سے کتنے سال قبل ہوئی؟ 23

111۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پیدائش بعثتِ نبوی سے کتنے سال قبل ہوئی؟10

112۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کتنی عمر میں اسلام قبول کیا؟10 سال

113۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے کے بعد کتنے سال مکہ میں رہے؟13 سال

114۔ بوقتِ ہجرتِ رسول علیہ الصّلوٰۃ و السّلام حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عمر کتنی تھی؟22یا23 سال

115۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نکاح کب ہوا؟2ھ میں

116۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے عہد میں دار الخلافہ کس کو بنایا؟ کوفہ کو

117۔ حضرت علی و امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کے مابین جنگ کا نام کیا ہے؟ صفین

118۔ حضرت علی و حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کے مابین جنگ کا نام کیا ہے؟جمل

119۔ جنگِ صفین و جمل کے پیچھے کس کا ہاتھ تھا؟ خارجیوں کا

120۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر تلوار کیساتھ کس نے حملہ کیا؟عبد الرحمن بن ملجم خارجی

121۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر حملہ کب ہوا؟17 رمَضان40ھ

122۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مدّتِ خلافت کتنی ہے؟4سال9ماہ

123۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے کس اسلام دشمن کا قلع قمع فرمایا؟ خارجیوں کا

124۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کب خلیفہ مقرر ہوئے؟661ء کو

125۔ خلافتِ بنواُمیّہ کا دور کب سے کب تک تھا؟661ء تا750ء

126۔ خلافتِ بنواُمیّہ کی بنیاد کس نے ڈالی؟ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے

127۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کتنا عرصہ شام کے گورنر رہے؟20 سال

128۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت کب دی؟ 41ھ میں

129۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ خلافت پر کتنا عرصہ قائم رہے؟20 سال

130۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے جس سلطنت کی بنیاد رکھی وہ کتنا عرصہ قائم رہی؟90سال

131۔ یزید بن حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حکومت کادورانیہ ہے؟680ء تا683ء

132۔ عبد الملک بن مروان کی حکومت کادورانیہ ہے؟685ء تا705ء

133۔ ولید بن عبد الملک کی حکومت کادورانیہ ہے؟705ء تا715ء

134۔ سلیمان بن عبد الملک کی حکومت کادورانیہ ہے؟715ء تا717ء

135۔ حضرت عمر بن عبد العزیز کی حکومت کادورانیہ ہے؟717ء تا720ء

136۔ یزید بن عبد الملک کی حکومت کادورانیہ ہے؟720ء تا724ء

137۔ ہشام بن عبد الملک کی حکومت کادورانیہ ہے؟724ء تا743ء

138۔ مروانِ ثانی کی حکومت کادورانیہ ہے؟744ء تا750ء

139۔ بنواُمیّہ کا عبد الرحمن الداخل756ء میں فرار ہو کر کہاں جا پہنچا؟اندلس

140۔ عبد الرحمن الداخل نے اندلس میں کس کی بنیاد رکھی؟ خلافتِ قرطبہ کی

141۔اندلس میں خلافتِ بنواُمیّہ کب تک رہی؟1031ء تک

142۔خلافتِ بنوعباس کادور کب سے کب تک تھا؟750ء تا1258ء

143۔خلافتِ عباسیہ کو132ھ میں کس نے قائم کیا؟خاندانِ عباسیہ کے 2بھائی السفاح وابو جعفر المنصور

144۔خاندانِ عباسیہ نے کتنا عرصہ حکومت کی؟500سال سے زائد

145۔خلافتِ عباسیہ میں عباسیوں کے کل کتنے حکمران برسرِاقتِدار آئے؟37

146۔ابو جعفر المنصور نے کتنے سال حکومت کی؟22

147۔ابو جعفر المنصور نے دار الحکومت کو دمشق سے کہاں منتقل کیا؟بغداد

148۔عباسیوں کی حکومت کا خاتمہ ہوا؟1258ء میں منگول فاتح ہلاکو خان کے حملے سے

149۔ مملوک سلطان ملک الظاہر بیبرس نے خاندانِ عباسیہ کے کس شہزادے کے ہاتھ پر بیعت کر کے اسکے نام کا خطبہ وسکّہ جاری کیا؟ابو القاسم احمد

150۔ خلافتِ بنوعباس کو سمجھنے کیلئے کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا؟3

151۔ خلافتِ بنوعباس کے دَورِ اوّل کادورانیہ کیاہے؟750ء تا861ء بمطابق 132ھ تا247ھ

152۔ابو العباس السفاح سے متوکل تک کتنے حکمران برسرِاقتِدار رہے؟10

153۔ خلافتِ بنوعباس کے دَورِ ثانی کادورانیہ کیاہے؟861ء تا1031ء بمطابق247ھ تا422ھ

154۔ خلافتِ بنوعباس کے دَورِ ثالث کادورانیہ کیاہے؟1031ء تا1258ء بمطابق 422ھ تا656ھ

155۔عباسیوں کے آخری تاجدار کانام کیاہے؟مستعصم باللہ

156۔ سلطنتِ عثمانیہ کا دور کب سے کب تک تھا؟جولائی 1299ء تا یکم نومبر 1922ء

157۔ کس کی وفات کے بعد سلجوقیوں کیطرف سے ملی جاگیر کی سربراہی عثمانِ اوّل کے ہاتھ آئی؟ارتغرل

158۔ سلطنتِ عثمانیہ کتنے سال رہی؟623

159۔ سلطنتِ عثمانیہ میں کتنے عثمانی سلاطین نے فرمانروائی کی؟36

160۔ سلطنتِ عثمانیہ کتنے برِّاعظموں پر پھیلی؟3

161۔ آخِری عثمانی حکمران کون تھے؟سلطان عبدالحمید ثانی

162۔ سلطان عبدالحمید ثانی کو کب معزول کیا گیا؟3مارچ1924ء

163۔ امام ابوالحسن علی بن اسمٰعیل اشعری کا سنِ وفات ہے؟324ھ

164۔ امام ابو منصور محمّد بن محمّد بن محمود ماتریدی حنفی کا سنِ وفات ہے؟333ھ

165۔ امام ابوالمُعین میمون نسفی کا سنِ وفات ہے؟508ھ

166۔ مفتی الثقَلین امام عمر نسفی کا سنِ وفات ہے؟538ھ

167۔ امام سعدالدین تفتازانی کا سنِ وفات ہے؟791ھ

168۔ علامہ عبدالعزیز بن احمد حامد قریشی پڑھاروی کا سنِ وفات ہے؟1239ھ

169۔ ریاضی دان محمّد الفرازی کا سنِ وفات ہے؟806ء

170۔ ماہر کیمیا جابر بن حیان کا سنِ وفات ہے؟815ء

171۔ ماہر فلکیات یحییٰ بن ابی منصور کا سنِ وفات ہے؟831ء

172۔ ریاضی دان الخُوارزی کا سنِ وفات ہے؟850ء

173۔ ریاضی دان و ماہر طب الفارابی کا سنِ وفات ہے؟950ء

174۔ ماہر کیمیا و طب ابو بکر الرّازی کا سنِ وفات ہے؟952ء

175۔ ماہر طب ابنِ سینا کا سنِ وفات ہے؟1037ء

176۔ ریاضی دان ابنُ الہیثم کا سنِ وفات ہے؟1040ء

177۔ ماہر فلکیات و فزکس البیرونی کا سنِ وفات ہے؟1048ء

178۔ ریاضی دان عمر خیام کا سنِ وفات ہے؟1131ء

179۔ ماہر فلکیات جعفر بن محمّد ابو المعشر البلخی کی حیات کا دورانیہ ہے؟10 اگست 787ء تا 9 مارچ 886ء

180۔ ماہر فلکیات ابو العباس احمد کثیر فرغانی کی حیات کا دورانیہ ہے؟800ء تا 870ء

181۔ ماہر فلکیات، فزکس، ریاضی دان یعقوب بن اسحٰق کندی کی حیات کا دورانیہ ہے؟801ء تا 873ء

182۔ اسلامی تعلیمات کا مکمّل بیان کتنی چیزوں میں ذکر کیا جاتا ہے؟5

183۔ اسلامی تعلیمات کا مکمّل بیان کونسی چیزوں میں ذکر کیا جاتا ہے؟ عقائد، عبادات، معاملات، معاشرت، اخلاقیات

184۔ جن انبیاء علیہم الصلوٰۃ و السّلام کا نام کتاب و سنت میں آچکا ان پر کیسا ایمان لانا لازم ہے؟ تفصیلی

185۔ جن انبیاء علیہم الصلوٰۃ و السّلام کا نام کتاب و سنت میں نہ آیا ان پر کیسا ایمان لانا لازم ہے؟ اجمالی

186۔ معاشرت کے معنی ہیں؟ مِل جُل کر زندگی گزارنا، طرزِ زندگی، رہن سہن

187۔اسلامی تعلیمات میں اہم ستون کتنے ہیں؟2

188۔اسلامی تعلیمات میں اہم ستون کونسے ہیں؟عبادات و اخلاقیات

189۔اسلام کے مشہور فرقے کتنے ہیں؟3

190۔اسلام کے مشہور فرقے کونسے ہیں؟اہلسنّت،اہلِ تَشَیُّع،خوارج

191۔عالَمِ اسلام میں کتنے فیصد شیعہ ہیں؟10

192۔عالَمِ اسلام میں کتنے فیصد خوارج ہیں؟10 فیصد سے کم

193۔حُضور علیہ الصّلٰوۃ و السّلام نے فرمایا کہ میری امّت میں فرقے ہونگے؟73

194۔اسرائیل کتنے فرقوں میں بٹ گئے تھے؟72

195۔جو اسلام چھوڑ کر کسی اور مذہب میں جائے وہ ہے؟مرتد

196۔جو عقائدِ اہلسنّت چھوڑ کر کوئی اور عقیدہ بنائے وہ ہے؟گمراہ

197۔حُضور علیہ الصّلٰوۃ و السّلام نے فرمایا کہ بدعتی دین سے نکل جاتا ہے؟جیسے آٹے میں سے بال

198۔جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شیخَین پر قربِ الٰہی میں فضیلت دے وہ ہے؟گمراہ مخالفِ سنّت

199۔جو کسی صحابی کو برا جانے وہ ہے؟مطلقاً رافضی

200۔عربی لغت میں لفظِ شیعہ کے معنی کتنے ہیں؟2

201۔عربی لغت میں لفظِ شیعہ کے معنی کونسے ہیں؟کسی بات پر متّفِق ہونا،کسی کی پیروی کرنا

202۔لفظِ شیعہ کا اطلاق واحد،تثنیہ،جمع،مذکّر،مؤنّث میں سے کس پر ہوتا ہے؟تمام پر

203۔اصطلاح میں اہلِ تَشَیُّع کونسا فرقہ ہے؟جنکے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ وراثتِ خلافت میں تینوں خلفاء سے زیادہ اَولی ہیں

204۔اہلِ تَشَیُّع حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کیسے مانتے ہیں؟حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے بعد بلا فصل جانشین اور پہلے معصوم امام

205۔ملّا باقر مجلسی کیمطابق بعدِ وصالِ حضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کتنے اشخاص کے علاوہ بقیہ تمام مرتد ہو گئے؟4

206۔ملّا باقر مجلسی کیمطابق بعدِ وصالِ حضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کن اشخاص کے علاوہ بقیہ تمام مرتد ہو گئے؟حضرت علی، مقداد، سلمان، ابو ذر رضی اللہ عنہم

207۔شیعہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر تبرّا کو سمجھتے ہیں؟عبادت

208۔تحفۂ اثنا عشریہ کس کی کتاب ہے؟شاہ عبد العزیز مُحدِّثِ دہلوی

209۔اہلِ تَشَیُّع کو اِمامی کیوں کہتے ہیں؟کیونکہ انکے ہاں اِمامت سب سے بنیادی مسئلہ ہے

210۔اہلِ تَشَیُّع کو اثنا عشری کیوں کہتے ہیں؟کیونکہ یہ 12 اِماموں کے قائل ہیں

211۔اہلِ تَشَیُّع کیمطابق بارہواں اِمام کہاں ہے؟غار میں غائب

212۔اہلِ تَشَیُّع بارہویں اِمام کو کیا کہتے ہیں؟اِمامِ مُنتَظَر

213۔اہلِ تَشَیُّع بنیادی طور پر کتنی شاخوں میں تقسیم ہیں؟4

214۔اہلِ تَشَیُّع بنیادی طور پر کونسی شاخوں میں تقسیم ہیں؟سبائیہ، کیسانیہ، زیدیہ، رافضہ

215۔ کونسا فرقہ پنجتن پاک کو اِلٰہ کہتا ہے؟ فرقۂ خمسیہ

216۔ کونسا فرقہ ظاہرِ کتاب وسنّت پر عمل کو حرام قرار دیتا ہے؟ فرقۂ میمونیہ

217۔ کس فرقے کا مؤقف تھا کہ امام کیلئے فاطمی ہونا شرط ہے؟ زیدیہ

218۔ فرقۂ سریغیہ کیمطابق اللہ جَلّ جَلالہٗ نے کتنی ہستیوں میں حُلول کیا تھا؟ 5

219۔ فرقۂ سریغیہ کیمطابق اللہ نے کن ہستیوں میں حُلول کیا تھا؟ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسّلام، حضرت علی وعبّاس وجعفر و عقیل رضی اللہ عنھم

220۔ کس فرقے کا نظریہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کا انتظام اماموں کے سپرد کر دیا؟ فرقۂ مُفوّضیہ

221۔ فرقۂ مُفوّضیہ کے بعض لوگ کیا دیکھتے تو کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس میں ہیں اور ان پر سلام بھیجتے ہیں؟ بادل

222۔ خارج مشتق ہے؟ خروج سے

223۔ خوارج نام کتنی وجوہات سے پڑا؟ 3

224۔ خوارج نام کونسی وجوہات سے پڑا؟ دین سے نکلنے کی بناپر، حضرت علی رضی اللہ عنہ کیخلاف خروج کی بنا پر، مسلمانوں کیخلاف خروج کی بناپر

225۔ اصطلاحاً خارجی کون ہے؟ جو اہلسنّت وجماعت کے متّفقہ امام کیخلاف خروج کرے

226۔ خارجی فرقے کا ظہور ہوا؟ حضرت عثمان وعلی رضی اللہ عنھما کے دَور میں

227۔ خارجی فرقے کی بنیادی نشانی ہے؟ بات بات پر مسلمانوں کو مشرک کہہ کر ان سے جہاد کرتا ہے

228۔ خارجی فرقے نے کس صحابی کو مشرک کہہ کر اُن سے لڑائی کی؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ

229۔ فی زمانہ کالعدم تنظیموں میں کونسے لوگ شامل ہیں؟ خارجی عقائد کے

230۔ کتاب میں خوارج کے کتنے نام ہیں؟ 4

231۔ کتاب میں خوارج کے کونسے نام ہیں؟ محکمہ، حروریہ، نواصب، مارقہ

232۔ خارجی فرقہ محکمہ بار بار کونسا نعرہ لگاتے تھے؟ لاحُکمَ إلّا لِلّٰهِ

233۔ حرورہ نامی بستی کس کے قریب ہے؟ کوفہ

234۔ ناصبی لقب کس کیلیئے بولا جاتا ہے؟ جس نے اہلِ بیت رضی اللہ عنھم سے بغض میں غلو کیا

235۔ مارقہ کے معنی ہیں؟ پار ہونے والے

236۔ کتاب میں خوارج کی شاخیں کتنی ہیں؟ 7

237۔ کتاب میں خوارج کی شاخیں کونسی ہیں؟ محکمہ، ازراقہ، نجدات، صفریہ، عجاروہ، اباضیہ، ثعالبہ

238۔ جنگِ صفین میں کن کو ثالث بنایا گیا؟ حضرت ابو موسیٰ اشعری و عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما

239۔ جنگِ صفین میں کس نے ثالث بنایا؟ حضرت علی و امیر معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنھم

240۔ جنگِ صفین میں جنہوں نے ثالثی کو قبول کیا وہ تمام خوارج کے نزدیک ہیں؟ کافر

241۔ خوارج کے نزدیک جنگِ جمل کے تمام شرکاء نے ارتکاب کیا؟ گناہِ کبیرہ کا

242۔ خوارج کا عقیدہ ہے کہ ارتکابِ معصیت ہے؟ کفر

243۔ خوارج کے نزدیک جو کلمہ گو انکے جیسے عقائد نہ رکھے وہ ہے؟ واجب القتل

244۔ خلف خارجی کونسے فرقے کا بانی تھا؟ فرقۂ خلفیہ

245۔ خوارج کا کونسا فرقہ ثواب و عذابِ قبر کا مُنکِر ہے؟ فرقۂ اخنسیہ

246۔ نزولِ قرآن کریم کی ابتدا کس مہینے میں ہوئی؟ رمَضان المبارَک

247۔ قرآن کریم کے مشہور اسماء کتنے ہیں؟ 6

248۔ قرآن کریم کے مشہور اسماء کونسے ہیں؟ قرآن، فرقان، برہان، کتاب، مصحف، نور

249۔ کس دن عقیقہ کرنا، سر کے بالوں کے برابر چاندی صدَقہ کرنا اور سر منڈوانا مستحب ہے؟ پیدائش کے ساتویں دن

250۔ مسجد میں نکاح منعقد کرنا کیا ہے؟ مستحب

251۔ بیوی پر کتنے دن سوگ ہے؟ 4ماہ10 دن

252۔ لونڈی کو آزاد کرنے پر ابو لہب کے عذاب میں کب تخفیف کی جاتی ہے؟ پیر کی رات

253۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کا حضرت ثویبہ رضی اللہ عنہا سے کیا رشتہ ہے؟ رضاعی ماں کا

254۔ مدارِج النُّبُوَّۃ کس کی کتاب ہے؟ شیخ عبد الحق مُحدِّثِ دہلوی رحمۃُ اللہِ علیہ

255۔ حُضور علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کس پر سوار ہو کر مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصٰی تشریف لائے؟ بُراق پر

256۔ کس رات زیارتِ قبور سنّت ہے؟ شعبان کی پندرہویں رات

257۔ شعبان کی پندرھویں شب کتنے گنہگاروں کی بخشش ہوتی ہے ؟قبیلۂ بنو کَلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ

258۔ سب سے افضل رات کونسی ہے ؟ لیلۃُ القدُر

259۔ کثرتِ تضادات کی بنا پر دنیا کے بڑے مذاہب میں کونسا مذہب بڑھنا شروع ہو گیا؟ دہریت

260۔ رَسمِ سَتّی کون مناتے تھے ؟ ہندو

261۔ عیسائیت میں کونسی چیز سنّتِ عیسٰی علیہ الصلوٰۃ و السّلام کے طور پر اپنائی گئی ؟ رہبانیت

262۔ رہبانیت بعد میں کونسی صورت اختیار کر گئی ؟ زنا

263۔ رہبانیت کیا ہے ؟ مذہبی پیشواؤں کا شادی نہ کرنا اور شہوتِ نفس پر بے انتہا ضبط

264۔ اسلام نے روحانیت و مادیت میں سے کس پر زور دیا؟ کسی پر نہیں

265۔ قرآن کریم نے ملّتِ اسلامیہ کو کونسا خطاب دیا؟ اُمَّۃً وّسَطاً

266۔ اسلام نے دنیا و آخرت کی فلاح اور جہنّم سے نَجات کیلئے کتنے اُمور کو ہر فرد کیلئے لازم ٹھہرایا؟ 3

267۔ اسلام نے دنیا و آخرت کی فلاح اور جہنّم سے نَجات کیلئے کونسے اُمور کو ہر فرد کیلئے لازم ٹھہرایا؟ صحیح ایمان، درست اخلاق، نیک اعمال

268۔ مسئلۂ ختمِ نُبُوّت کتنی آیاتِ قرآنی سے ثابت ہے ؟100

269۔ مسئلۂ ختمِ نُبُوّت کتنی احادیث سے ثابت ہے ؟200 سے زائد

270۔ سب سے پہلا اجماع کس پر منعقد ہوا؟ مسئلۂ ختمِ نُبُوّت

271۔ حُضورعلیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی ظاہری حیات میں تحفُّظِ اسلام کیلئے کتنے صحابہ رضی اللہ عنھم شہید ہوئے؟259

272۔ حضرت ابو بکر صدّیق رضی اللہ عنہ نے اسلام کی پہلی جنگ کس کیخلاف کہاں لڑی؟مسیلمہ کذّاب کیخلاف میدانِ یمامہ میں

273۔ جنگِ یمامہ میں شہید ہونے والے صحابہ وتابعین رضی اللہ عنھم کی تعداد ہے؟1200

274۔ جنگِ یمامہ میں شہید ہونے والے قاری وحافظِ قرآن کی تعداد ہے؟700

275۔ قرآن کریم میں باعتِبارِ ایمان وحی کی کتنی اقسام بیان کی گئی ہیں؟2

276۔ قرآن میں باعتِبارِ ایمان وحی کی کونسی اقسام ہیں؟جووحی حضورعلیہ الصّلوٰۃ و السّلام پر نازل ہوئی، جووحی حضورعلیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے پہلے نازل ہوئی

277۔ فرمانِ حُضورعلیہ الصّلوٰۃ و السّلام کیمطابق امت میں کتنے کذّاب پیدا ہونگے؟30

278۔ حُضورعلیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کتنے وجوہات سے انبیاءعلیہم الصلوٰۃ و السّلام پر فضیلت دی گئی؟6

279۔ حُضورعلیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کونسے وجوہات کی بناپر انبیاءعلیہم الصلوٰۃ و السّلام پر فضیلت دی گئی؟جوامع الکلم عطاہونا، رعب سے مدد، غنیمتوں کا حلال ہونا، تمام زمین کا مسجد و مطہّر ہونا، تمام مخلوق کیطرف نبی بنانا، انبیاءعلیہم الصّلوٰۃ و السّلام کا سلسلہ ختم ہونا

280۔ علامہ سیّد محمود آلوسی نے لکھا کہ جو ختمِ نُبوّت کے خلاف پر اصرار کرے اسکو کیا جائے گا؟قتل

# یہودیت

281۔بنی اسرائیل کن کو کہا جاتا ہے؟یہودیوں کو

282۔اللہ پاک نے ہدایتِ یہود کیلئے کتنے انبیاء بھیجے؟متعدّد

283۔اسرائیل کس نبی کالقب ہے؟حضرت یعقوب علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

284۔حضرت یعقوب علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے بڑے بیٹے کانام کیاہے؟یہودا

285۔یہودی اپنے مذہب کی ابتِداء کس نبی سے بتاتے ہیں؟حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

286۔حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کتنے مذاہب ابوالانبیاء مانتے ہیں؟3

287۔حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کونسے مذاہب ابو الانبیاءمانتے ہیں؟اسلام،عیسائیت، یہودیت

288۔حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کونسی پشت میں حضرت نوح علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے نسلاً منسوب ہیں؟دسویں

289۔حضرت سام بن نوح علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی وجہ سے یہود کو کہا جاتا ہے؟سامی

290۔لفظِ سامی سے کونسالفظ تاریخ میں رائج ہو گیا؟سامیت

291۔ قرآن کریم کی زبان میں یہود پر کس لفظ کا اطلاق ہوا؟ مغضوب

292۔ تاریخِ یہودیت سمجھنے کیلئے کتبِ مقدّسہ و دیگر مذہبی کتب کی بنیاد پر تاریخ کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا؟12

293۔ دَورِ اکابرین میں کہاں سے کہاں تک کے احوال شمار ہوتے ہیں؟ حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے حضرت یوسُف علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

294۔ حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کہاں پیدا ہوئے؟ عراق

295۔ حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے آگ سے سلامت نکلنے کے بعد کہاں کا رُخ کیا؟ مصر

296۔ حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے کتنی نسلیں چلیں؟2

297۔ حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی نسلیں کن سے چلیں؟ حضرت ہاجرہ مصریہ و حضرت سارہ عراقیہ رضی اللہ عنہما

298۔ حضرت ابراہیم علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے چلنے والی نسلوں کا زمانہ شروع ہوا؟2160 سے 1985 قبلِ مسیح سے

299۔ حضرت اسمٰعیل علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی والدہ کا نام ہے؟ حضرت ہاجرہ مصریہ رضی اللہ عنہا

300۔ حضرت اسمٰعیل علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے چلنے والی نسل کہلائی؟ بنی اسمٰعیل

301۔ حضرت ہاجرہ مصریہ رضی اللہ عنہا اپنی اولاد کیساتھ رہیں؟ حجاز میں

302۔ حضرت اسحٰق علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی والدہ کا نام ہے؟ حضرت سارہ عراقیہ رضی اللہ عنہا

303۔ حضرت اسحٰق علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے بیٹے کا نام ہے؟ حضرت یعقوب علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

304۔ حضرت یعقوب علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے چلنے والی نسل کہلائی؟ بنی اسرائیل

305۔ حضرت سارہ عراقیہ رضی اللہ عنہا اپنی اولاد کیساتھ رہیں؟ شام میں

306۔ حضرت ابراہیم کی اولاد حضرت یعقوب کے آخری زمانے میں حضرت یوسُف علیہم الصّلوٰۃ و السّلام کے توسُّط سے کہاں گئی؟ مصر

307۔ حضرت یوسُف علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے والد کا نام؟ حضرت یعقوب علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

308۔ حضرت یوسُف علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے کتنے بھائی تھے؟ 11

309۔ حضرت یوسُف علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے جو قبیلہ مصر میں آباد کیا وہ کتنے سال رہا؟ 400

310۔ حضرت یوسُف علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے ظاہری وصال کے بعد مصر میں کس نے بغاوت کی؟ قبطی نسل پرستوں نے

311۔ قبطی نسل پرستوں نے مصر میں بغاوت کے بعد کس قوم کو ملک بدر کیا؟ عمالقہ

312۔ حضرت موسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے والد کا نام ہے؟ عمران

313۔ حضرت موسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی والدہ کا نام ہے؟ یوکابد

314۔ فرعون کا نام کیا ہے؟ ولید بن مُصعَب بن رَیان

315۔ فرعون کی بیوی کا نام ہے؟ حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا

316۔ حضرت موسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام مصر سے ترکِ وطن کر کے کہاں روانہ ہوئے؟ مدیَن

317۔ حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کتنے سال حضرت شعیب علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی خدمت میں رہے؟10

318۔ حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے کس سے نکاح فرمایا؟حضرت شعیب علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی بیٹی سے

319۔ حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام فرعون کے غرق ہونے کے بعد بنی اسرائیل کو کہاں لے گئے؟ وادیٔ سینا

320۔ حضرت موسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کا پتّھر پر عصامارنے سے کتنے چشمے بہے؟12

321۔ حضرت موسیٰ وہارون علیہما الصّلوٰۃ و السّلام کی وفات کے بعد دَورِ قضاۃ کادورانیہ کتنا ہے؟300 سال

322۔ کن کے زیرِ سرپرستی قضاۃ کے ذریعے بنی اسرائیل کا انتِظام وانصِرام ہوا؟حضرت یوشع بن نون علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

323۔ دَورِ قضاۃ کے آخری قاضی کون تھے؟صموئیل

324۔ حضرت داؤد و سلیمان علیہما الصّلوٰۃ و السّلام اور طالوت کازمانہ کتنے سال کا ہے؟120

325۔ تابوتِ سکینہ کو کس نے اٹھا کر کوڑے خانہ میں پھینکا؟ قومِ عمالقہ

326۔ تابوتِ سکینہ کیساتھ بے ادبی کی وجہ سے قومِ عمالقہ کے کتنے شہر برباد وویران ہوگئے؟5

327۔ تابوتِ سکینہ کو فِرشتے کس کے پاس لیکر آئے؟حضرت شمویل علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

328۔ تابوتِ سکینہ حضرت شمویل علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کب پہنچا؟جب حضرت شمویل علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے طالوت کو بادشاہ بنادیا تھا

329۔ طالوت کی بادشاہی تسلیم کرنے کیلیئے بنی اسرائیل نے کیا شرط لگائی؟اگر مقدّس صندوق آجائے تو ہم طالوت کی بادشاہی تسلیم کر لیں گے

330۔ طالوت کیطرف سے کس نوجوان نے تیر مار کر جالوت کو قتل کیا؟حضرت داؤد علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

331۔ حضرت داؤد علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے اپنے عہد میں کس مسجد کی تعمیر کا آغاز کروایا؟مسجدِ اقصٰی

332۔ کس نے مسجدِ اقصٰی کو جنّات کے ذریعے مکمّل کروایا؟حضرت سلیمان علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

333۔ حضرت سلیمان علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے والد کا نام ہے ؟حضرت داؤد علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

334۔ آلِ اسرائیل کے بادشاہ وپیغمبر کون بنے ؟حضرت داؤد و سلیمان علیہما الصّلوٰۃ و السّلام

335۔اسرائیلی پرچم کے ستارے کو کیا کہتے ہیں ؟داؤد کا سٹار

336۔ گیارہویں صدی قبلِ مسیح میں حضرت داؤد علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے پہلی بار کس کا دار الحکومت بنایا؟یروشلم کا

337۔ دسویں صدی قبلِ مسیح میں کس نے بیت المقدس میں پہلا ہیکل تعمیر کیا؟حضرت سلیمان علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

338۔ حضرت سلیمان علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے وصال کے بعد سلطنتِ بنی اسرائیل کتنے حصّوں میں تقسیم ہو گئی ؟2

339۔ حضرت سلیمان علیہ الصّلوۃ و السّلام کے وصال کے بعد سلطنتِ بنی اسرائیل کونسے حصّوں میں تقسیم ہو گئی؟ اسرائیل، یہودا

340۔ اسرائیل کتنے قبائل پر مشتمل تھی؟ 10

341۔ اسرائیل کا دار الخلافہ کس کو مقرر کیا گیا؟ سامرہ یعنی نابلس

342۔ یہودا بنی اسرائیل کے کتنے قبائل پر مشتمل تھی؟ 2

343۔ یہودا کا دار الخلافہ کس کو مقرر کیا گیا؟ بیت المقدس

344۔ اسرائیل نے کس کو جلاوطن کیا؟ حضرت الیاس علیہ الصّلوۃ و السّلام

345۔ پہلی حکومت اسرائیل 721 قبلِ مسیح میں کیسے اپنا وجود کھو بیٹھی؟ آشوری حملوں کی وجہ سے

346۔ بیت المقدس سمیت تمام سلطنتِ یہود پر 598 قبلِ مسیح میں کون قابِض ہوا؟ بخت نصر

347۔ بخت نصر یہودیوں کو غلام و قیدی بنا کر کہاں لے گیا؟ بابل یعنی عراق

348۔ یہود کتنے سال جلاوطن رہے؟ 70

349۔ ایرانی بادشاہ سائرس نے 539 قبلِ مسیح میں کیا فتح کیا؟ بابل

350۔ اہلِ فارس کا اقتدار کہاں سے کہاں تک پھیلا؟ فارس سے فلسطین

351۔ حضرت زکریا علیہ الصّلوۃ و السّلام کی زیرِ نگرانی بیت المقدس کو کب تعمیر کیا گیا؟ 522 قبلِ مسیح

352۔ کتبِ یہود بشمول تورات کی کتبِ خمسہ کو 458 قبلِ مسیح میں از سرِ نو کس نے ترتیب دیا؟ حضرت عزیر علیہ الصّلوۃ و السّلام

353۔ شاہِ ایران کی اجازت سے نحمیاہ نے 445 قبلِ مسیح میں کس کی فصیل بنائی؟ یروشلم

354۔ شاہِ انطاکیہ انٹیوکس ثالث نے 196 قبلِ مسیح میں کس پر قبضہ کیا؟ فلسطین

355۔ انٹیوکس چہارم نے 175 قبلِ مسیح میں کہاں بُت رکھوائے؟ بیت المقدس

356۔ مکابی تحریک کی قائم کردہ عظیم سلطنت کب تک قائم رہی؟ 67 قبلِ مسیح تک

357۔ رومی بادشاہ نے 63 قبلِ مسیح میں کس پر حملہ کرکے اسے رومی سلطنت کا حصّہ بنایا؟ فلسطین

358۔ رومی فلسطین پر 40 قبلِ مسیح سے 4 قبلِ مسیح تک کس کے ذریعے حکومت کرتے رہے؟ ہیرود یہودی

359۔ کس نے بازنطیہ کیخلاف ایران کا ساتھ دینے کی بنا پر یہودیوں کو یروشلم سے نکال دیا؟ ہرقل

360۔ ساتویں صدی میں کس نے یہودیوں کو عیسائی مذہب قبول کرنے کی شرط پر آباد کیا؟ لیو سوئم

361۔ یورپ میں احیائے علوم ونشاۃِ ثانیہ کا دَور کب شروع ہوا؟ پندرہویں صدی عیسوی میں

362۔ عرب میں اسلام کا ظہور کب ہوا؟ پانچویں صدی عیسوی کے آخِر میں

363۔ کس جنگ کے بعد یہودیوں نے مسلمانوں کی اطاعت قبول کرلی؟ خیبر

364۔ یہودی 700ء میں یروشلم سے نکل کر کہاں آباد ہوئے؟ ہسپانیہ یعنی سپین میں

365۔ ہسپانیہ کو 711ء میں کس نے فتح کیا؟ مسلمان فاتح طارق بن زیاد نے

366۔ ہسپانیہ میں 750ء میں کس نے اپنی الگ سلطنت قائم کی؟ عبدالرحمن نے

367۔ یوسف بن تاشقین کی حکومت کا دورانیہ ہے؟ 1061ء تا 1107ء

368۔ موحدین حکومت کا دورانیہ ہے؟ 1121ء تا 1269ء

369۔یہودیوں کو صیہونی ریاست بنانے کی پہلی پیشکش کس نے کی؟ فرانسیسی ڈکٹیٹر نیپولین بوناپارٹ

370۔یہودیوں کو صیہونی ریاست بنانے کی پہلی پیشکش کب کی گئی؟1799ء میں

371۔ فلسطینی زمین پر پہلی یہودی بستی کب قائم کی گئی؟1882ء میں

372۔پہلی جنگِ عظیم کے بعد فلسطین کس کے حصّے میں آیا؟انگریزوں کے

373۔ فلسطینی زمین پر یہودیوں کا ملک بنانے کی تجویز کب پیش کی گئی؟1915ء میں

374۔لیگ آف نیشن نے فلسطینی زمین پر صیہونی ریاست کی منظوری کب دی؟1922ء میں

375۔برطانوی حکومت نے یورپ کے ممالک سے یہودیوں کو فلسطین کب منتقل کرنا شروع کیا؟دوسری جنگِ عظیم کے آغاز میں

376۔برطانوی حکومت نے فلسطینی زمین کی تقسیم کیلئے پیل کمیشن کب قائم کیا؟1936ء میں

377۔اقوامِ متحدہ نے1945ء میں فلسطین کو کتنے حصّوں میں تقسیم کیا؟3

378۔اقوامِ متحدہ نے1945ء میں فلسطین کو کونسے حصّوں میں تقسیم کیا؟ایک حصہّ فلسطین،دوسرا بیت المقدس، تیسرا اسرائیل

379۔بیت المقدس پر عیسائی کس کے دعویدار ہیں؟ بیت اللّحم کے

380۔عیسائیوں کیمطابق بیت اللّحم سے مراد کیاہے؟ مکاناً شرقیا

381۔عیسائیوں کا قبلہ کیاہے؟ بیت اللّحم

382۔بیت المقدس پر مسلمان کس کے دعویدار ہیں؟مسجد اقصیٰ کے

383۔ بیت المقدس پر یہودی کس کے دعویدار ہیں؟ ہیکلِ سلیمانی کے

384۔ بین الاقوامی سطح پر فیصلہ ہونے تک بیت المقدس کو عارضی طور پر کس کے کنٹرول میں دیا گیا؟اردن

385۔ اسرائیل کے باضابطہ نقشے میں بیت المقدس کس کا حصّہ ہے؟اردن

386۔یہودیت سے بت پرستی کب ختم ہوئی؟حضرت موسیٰ علیہ الصّلوۃ و السّلام کے آنے کے بعد

387۔یہودیوں کے عقیدے کیمطابق امامِ عدل کون ہے؟دجّال

388۔یہودی کن کی نبُوّت کے قائل نہیں؟حضرت محمدؐ و عیسیٰ علیہما الصّلوۃ و السّلام

389۔یہودی کن پر تہمت لگاتے ہیں؟حضرت مریم رضی اللہ عنہا

390۔یہودیوں کے عقیدے کیمطابق اللہ کے بیٹے ہیں؟حضرت عزیر علیہ الصّلوۃ و السّلام

391۔یہودیوں کے عقیدے کیمطابق اللہ نے زمین و آسمان بنانے کے بعد کس دن آرام کیا؟ساتویں

392۔یہودیوں کے ہاں ہفتہ کونسا دن ہے؟ساتواں

393۔ کتاب میں یہودیوں کے فرقے کتنے ہیں؟7

394۔ کتاب میں یہودیوں کے فرقے کونسے ہیں؟فریسی / آرتھوڈوکس،صدوقی، مُتعقّبِین، قرّائین، سامری،سبائیہ،ریفارمسٹ

395۔یہودی فرقہ فریسی کے دیگر نام؟ آرتھوڈوکس،احبار،رہبان،متشدّدین

396۔یہودی فرقہ فریسی کے لوگ کس سے منسلک ہیں؟قبالہ سے

397۔صدوقی کس نام سے مشہور ہیں؟منکرین

398۔ یہ عقیدہ کس کا ہے کہ اللہ تعالیٰ صرف ربّ الیہود ہے؟ صدوقی

399۔ پہلی صدی عیسوی کے آغاز میں رومیوں کا قتلِ عام کرنے کی بنا پر مُتعقِّبین کو کہا جاتا ہے؟ سفّاک

400۔ کونسا یہودی فرقہ صرف عہدِ قدیم کو مانتا ہے؟ قرّائین

401۔ قرّائین کس کو نہیں مانتے؟ تلمود

402۔ یہودیوں کا سب سے قدیم فرقہ ہے؟ سامری

403۔ سامری کن انبیاء علیہم الصّلوٰۃ و السّلام کی نبُوّت کے قائل ہیں؟ حضرت موسٰی، ہارون، یوشع علیہم الصّلوٰۃ و السّلام

404۔ فرقۂِ سامری کا دعوٰی کیا ہے؟ انکے پاس تورات کا قدیم ترین نسخہ ہے

405۔ سامری کتنے فرقوں میں تقسیم ہو گئے؟ 2

406۔ سامری کونسے فرقوں میں تقسیم ہو گئے؟ دوستانیہ، کوستانیہ

407۔ صوفیوں کی جماعت کا نام کیا ہے؟ کوستانیہ

408۔ سامریوں کا قبلہ کیا ہے؟ جبلِ غریزم

409۔ جبلِ غریزم کہاں ہے؟ بیت المقدس اور نابلس کے درمیان

410۔ سبائیہ کس کے پیروکار ہیں؟ عبد اللہ بن سبا

411۔ عبد اللہ بن سبا نے کن کے خلاف انقلاب کو بھڑکایا؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

412۔ یہودیت میں جدّت پسندی کی تحریک کہاں شروع ہوئی؟ جرمنی میں

413۔یہودیت میں جدّت پسندی کی تحریک کب شروع ہوئی؟اٹھارہویں صدی میں

414۔ ریفارم یہودی کن خیالات کے حامی ہیں؟سیکولر

415۔ ریفارم یہودی مذہبی رسومات سے زیادہ کس پر زور دیتے ہیں؟معاشرتی رویّے پر

416۔ ریفارم یہودی کن معاملات میں مساوی حقوق کے قائل ہیں؟ہر قسم کے

417۔یہودی اپنی مذہبی کتب کی تقسیم کتنی طرح سے کرتے ہیں؟2

418۔یہودیوں کیمطابق حضرت موسیٰ علیہ الصّلوۃ و السّلام پر نازل ہونے والی وحی کتنی اقسام پر تھی؟2

419۔جو احکام جبلِ طور پر عطا ہوئے انکو یہودی کیا کہتے ہیں؟مکتوبِ شریعت

420۔جو وحی الہامی صورت میں عطا ہوئی اسے یہودی کیا کہتے ہیں؟زبانی شریعت

421۔مکتوبِ شریعت کا دوسرا نام ہے؟عہد نامہ قدیم و عتیق

422۔مکتوبِ شریعت کتنے حصّوں پر مشتمل ہے؟39

423۔مکتوبِ شریعت کے 39 حصّوں کو کتنے سلسلوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟3

424۔مکتوبِ شریعت کے 39 حصّوں کو کونسے سلسلوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟تورات،نویم،کتویم

425۔لغوی اعتبار سے تورات کس زبان کا لفظ ہے؟عبرانی

426۔تورات کا معنی ہے؟وحی یا فرشتہ

427۔یہودیت کی اصطلاح میں تورات کیا ہے؟عہد نامہ قدیم و عتیق کی وہ 5 کتب جو حضرت موسیٰ علیہ الصّلوۃ و السّلام سے منسوب ہیں

428۔ عہد نامہ قدیم و عتیق کی 5 کتب کو کیا کہتے ہیں؟ کتبِ خمسہ یا قانونِ موسوی

429۔ عہد نامہ قدیم و عتیق کی 5 کتب کونسی ہیں؟ پیدائش، خروج، احبار، اعداد، استثناء

430۔ نویم کس کا دوسرا حصّہ ہے؟ تانخ

431۔ تانخ کسے کہتے ہیں؟ عبرانی بائبل کو

432۔ نویم کتنی کتب کا مجموعہ ہے؟ 22

433۔ نویم میں کس کے صحائف شامل ہیں؟ انبیاءعلیہم الصّلوٰۃ و السّلام

434۔ معروف و غیر معروف صحائفِ انبیاءعلیہم الصّلوٰۃ و السّلام کی مناسبت سے نویم کے مزید کتنے حصّے کرکے فرق کیا جاتا ہے؟ 2

435۔ کتویم کتنی کتب پر مشتمل ہے؟ 12

436۔ موضوع کے اعتبار سے کتویم کے کتنے حصّے کیے جاتے ہیں؟ 3

437۔ موضوع کے اعتبار سے کتویم کے پہلے حصّے میں کتنی چیزیں ہیں؟ 3

438۔ موضوع کے اعتبار سے کتویم کے پہلے حصّے میں کونسی چیزیں ہیں؟ حضرت داؤد کی زبور، حضرت سلیمان کی امثال، حضرت ایّوب علیہم الصّلوٰۃ و السّلام کی مزامیر

439۔ موضوع کے اعتبار سے کتویم کے دوسرے حصّے میں کتنے مجلّات ہیں؟ 5

440۔ موضوع کے اعتبار سے کتویم کے دوسرے حصّے میں کونسے مجلّات ہیں؟ غزالغزلات، رعوت، نوحہ یرمیاہ، الجامعہ، آستر

441۔ موضوع کے اعتبار سے کتویم کے تیسرے حصّے میں کتنی اشیاء ہیں؟ 4

442۔ موضوع کے اعتبار سے کتویم کے تیسرے حصّے میں کونسی اشیاء ہیں؟ حضرت دانیال علیہ الصّلوۃ و السّلام، نحمیاہ، تواریخِ اوّل، تواریخِ دوم

443۔ عہد نامہ قدیم و عتیق کی 3 سلسلوں کے علاوہ مزید کتنی کتب ہیں جو اب معدوم ہیں؟ 17

444۔یہودیوں کی مقدس کتب کو مکمّل طور پر کتنی بار ضائع کیا گیا؟ 7

445۔یہودی محقّقین کیمطابق عہد نامہ قدیم کی آخری تدوین کہاں کی گئی؟ جامنیا کونسل میں

446۔یہودیوں کیمطابق حضرت موسٰی نے زبانی شریعت کی تعلیم کن کو دی؟ حضرت ہارون و یوشع علیہم الصّلوۃ و السّلام

447۔یہودیوں کیمطابق بنی اسرائیل کے سرداروں کو خدائی قانون کس نے پڑھایا؟ حضرت یوشع علیہ الصّلوۃ و السّلام

448۔یہودیوں کیمطابق یہ قوانین سینہ بہ سینہ روایت ہوتے ہوئے کس نبی تک پہنچے؟ حضرت عُزَیر علیہ الصّلوۃ و السّلام

449۔یہودیوں نے قوانین کی کتابی صورت کے متن کا نام کیا رکھا؟ مِشناء

450۔ مِشناء بعد میں کس نام سے مشہور ہوا؟ تالمود

451۔ تلمود یا تالمود کس زبان کا لفظ ہے؟ عبرانی

452۔ تلمود یا تالمود کس سے بنا ہے؟ لمد

453۔ عبرانی میں لمد سے کیا مراد ہے؟ سیکھنا، سکھانا

454۔ تلمود کس نبی سے منتقل ہوئی؟ حضرت موسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

455۔ تالمود کو کونسی حیثیت حاصل ہے؟ وحیِ غیر مقطوع

456۔ تالمود متن کی کتنی شروحات کا حوالہ ملتا ہے؟ 2

457۔ تالمود متن کی دونوں طویل شروحات کا نام کیا ہے؟ جمارہ

458۔ دونوں طویل شروحات کی زبان کونسی ہے؟ رومی

459۔ زبانی شریعت کی کتاب مِشناء کے ابواب کتنے ہیں؟ 7

460۔ زبانی شریعت کی کتاب مِشناء کے 7 ابواب میں کونسے موضوعات تھے؟ زراعت، تہوار، عورت، معاوَضہ، وقف، قربانی، طہارت

461۔ جمارہ میں کس کی تشریح کی گئی؟ مِشناء کے متن کی

462۔ یہودی کس کیلنڈر کیمطابق تہوار مناتے ہیں؟ عبرانی

463۔ یہودی عبادت و نماز کیلیئے کونسا دن مقرر ہے؟ ہفتہ

464۔ ہفتہ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ یوم السّبت

465۔ بائبل میں ہفتے کے متعلق کیا ہے؟ یہ آرام و راحت والا ساتواں دن ہے

466۔ یہودی عید الفصح کتنے دن مناتے ہیں؟ 8

467۔ یہودی پینٹی کوسٹ کس کے بعد مناتے ہیں؟ عید الفصح کے بعد 50 دن گزرنے پر

468۔یہودی پینٹی کوسٹ عُموماً کب مناتے ہیں؟مئی یاجون کے چھٹے اور ساتویں دن

469۔یہودی کیلنڈر کے سال کے ابتدائی دن کانام ہے؟رُوش ہاشاناہ

470۔رُوش ہاشاناہ عیسوی کیلنڈر کیمطابق کس ماہ میں آتا ہے؟ستمبر یااکتوبر

471۔یہودیوں کیمطابق یہودی کیلنڈر کا آغاز کس کے آنے کیساتھ ہوتا ہے؟زمین پر حضرت آدم علیہ الصّلوٰۃو السّلام و حوّا رضی اللہ عنہا کے آنے کیساتھ

472۔یہودی یومِ کفّارہ کتنے دن مناتے ہیں؟10

473۔یہودی یومِ کفّارہ کب مناتے ہیں؟نئے سال کے آغاز میں

474۔یومِ کفّارہ کادوسرانام کیاہے؟یومِ کپور

475۔یہودی یومِ سکوت کتنے دن مناتے ہیں؟ایک ہفتہ

476۔یہودی ایامِ سکوت میں کہاں رہتے ہیں؟خیموں میں

477۔کتاب میں عبادتِ یہود کے طریقے کتنے ہیں؟2

478۔کتاب میں عبادتِ یہود کے طریقے کونسے ہیں؟ٹَیفِیلاہ، مُوساف

479۔روزانہ کی جانےوالی یہودی عبادت کو کیا کہاجاتاہے؟ٹَیفِیلاہ

480۔یہودی دن میں کتنی بار نمازادا کرتے ہیں؟3

481۔یہودی صبح صادق کے وقت ادا کی گئی نماز کو کیا کہتے ہیں؟شاخریت

482۔یہودی دوپہر کے وقت ادا کی گئی نماز کو کیا کہتے ہیں؟منخا

483۔یہودی شام کو غروبِ آفتاب سے قبل ادا کی گئی نماز کو کیا کہتے ہیں؟ آروت ومارو

484۔یہودی ہفتے و سالانہ ایامِ مقدسہ میں جو اضافی نماز ادا کرتے ہیں اسکا نام ہے؟ مُوساف

485۔یہودیوں کے بعض طبقے کن کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں حضرت عُزَیر علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

486۔ قومِ یہود کس زمانہ سے انبیاءعلیہم الصّلوٰۃ و السّلام کی نافرمانی کرتی آئی ہے؟ زمانۂ موسوی سے

487۔ محرّف تورات میں حضرت لوط علیہ الصّلوٰۃ و السّلام پر کونسا الزام لگایا گیا؟ بیٹیوں کیساتھ زنا کا

488۔ عہد نامہ قدیم میں کن کے نام انبیاء کی فہرست میں ہیں؟ عورتوں کے

489۔ تلمود میں یہودیوں کو کن سے زیادہ محبوب قرار دیا گیا؟ فِرشتوں

# عیسائیت

490۔ بلحاظِ آبادی دنیا کا سب سے بڑا مذہب کونسا ہے؟ عیسائیت

491۔ مذہبِ عیسائیت کے ماننے والوں کو کہا جاتا ہے؟ عیسائی، مسیحی، نصارٰی

492۔ قرآن کریم میں اہلِ کتاب کن کو کہا گیا؟ یہود و نصارٰی کو

493۔ مذہبِ عیسائیت کا محور ہیں؟ یسوع مسیح

494۔ عیسائیت میں بنیادی عقیدے کی حیثیت کسے حاصل ہے؟ تثلیث و کفّارہ کو

495۔ یسوع مسیح میں شامل ہونے والے نئے یہودیوں کو امتیازی لقب کیا دیا جاتا؟ یسوع ناصری کے پیروکار

496۔ یسوع ناصری کے پیروکاروں کو کہا جاتا ہے؟ ناصری

497۔ لفظِ عیسائی ان پر بولا جاتا جو سزائے یہود سے بچنے کیلئے فلسطین سے نکل کر مقیم ہوتے؟ ساحلی مقام انطاکیہ پر

498۔ حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کن کیطرف رسول مبعوث کیے گئے؟ بنی اسرائیل

499۔ عیسائیت کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟ 3

500۔ عیسائیت کا پہلا دَور کس پر مشتمل ہے؟ حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے دَور پر

501۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے والد کا نام ہے؟ عمران

502۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی والدہ کا نام ہے؟ حنہ

503۔ حضرت یحیٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی والدہ کا نام ہے؟ ایشاع

504۔ حنہ اور ایشاع کے درمیان کیا رشتہ ہے؟ سگی بہن کا

505۔ ایشاع کن کی اولاد سے تھیں؟ حضرت ہارون علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

506۔ بائبل کیمطابق حضرت موسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے عبادت گاہ کا انتظام و انصرام کن کے ذمے کر رکھا تھا؟ حضرت ہارون علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

507۔ حضرت یحیٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے والد کا نام ہے؟ حضرت زکریّا علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

508۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا مُربّی و نگران کن کو مقرر کیا گیا؟ حضرت زکریّا علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

509۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا نے حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کہاں جنم دیا؟ بیت اللّحم میں

510۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام نے گہوارے میں کس چیز کا ذکر کیا؟ اپنی نُبُوّت، عبدیت و صاحِبِ کتاب ہونے کا

511۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کب نُبُوّت سے سر فراز ہوئے؟ 33 سال کی عمر میں

512۔ یہود نے کس کے ذریعے حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو پھانسی دینا چاہی؟ رومی حاکم

513۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے مقرّب شاگرد کتنے تھے؟ 12

514۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے 12 مقرّب شاگردوں کو کیا کہا جاتا ہے؟ حواری

515۔ عیسائیت پر 65ء میں کس نے مظالم ڈھائے؟ شاہ نیرو ں

516۔ عیسائیت پر 106ء میں کس نے مظالم ڈھائے؟ شہنشاہ تراجان

517۔ عیسائیت پر 251ء میں کس نے مظالم ڈھائے؟ شہنشاہ دیسیوس

518۔ عیسائیت پر 284ء میں کس نے مظالم ڈھائے؟ شاہ وقلدیانوس

519۔ نیرون نے عیسائیت پر کیا الزام لگایا؟ شہر روم جلانے کا

520۔ کس یہودی عالِم نے 38ء میں ڈرامائی انداز میں عیسائیت اختیار کی؟ شاول

521۔ یہودی عالِم شاول نے اپنا نام کیا رکھا؟ پولس

522۔ پولس کو بقیہ حواریوں کے سامنے کس نے متعارف کروایا؟ برنابا حواری

523۔ پولس اپنی تعلیمات کہاں سے اخذ کرتا؟ ہندو و یونانی فلسفہ اور بعض تعلیماتِ یہود سے

524۔ پولس پہلی بار کونسا نظریہ لایا؟ نظریۂ تثلیث و نظریۂ ابن اللہ

525۔ پولس کا دعوٰی تھا کہ وہ براہِ راست تعلیم حاصل کرتا ہے؟ یسوع مسیح سے

526۔ پولس کی تحریف کیوں قبول ہوئی؟ کیونکہ اسکا دعوٰی تھا کہ وہی مُعلِّم مسیحیت ہے

527۔ عیسائیت کے تیسرے دَور کا دورانیہ کیا ہے؟ چوتھی صدی سے چھٹی صدی مسیحی تک

528۔ قسطنطین 312م میں کس کا سربراہ بنا؟ رومانوی حکومت

529۔ قسطنطین نے عیسائیوں کو کتنی انجیلوں پر جمع کیا؟ 4

530۔ قسطنطین نے عیسائیوں کو کونسی انجیلوں پر جمع کیا؟ متّٰی، مرقس، لوقا، یوحنا

531۔ قسطنطین نے 4 اناجیل کے علاوہ بقیہ انجیلوں کا کیا کِیا؟ جلادیا

532۔ قسطنطین نے 324م میں سابق بازنطینی علاقے میں کس کی بنیاد رکھی؟ جدید روم

533۔ قسطنطین نے بازنطین شہر کا نام کیا رکھا؟ قسطنطنیہ

534۔ قسطنطنیہ کا موجودہ نام کیا ہے؟ استنبول

535۔ قسطنطین نے 360ء میں قسطنطنیہ میں کیا تعمیر کروایا؟ لکڑی کا کلیسا

536۔ قسطنطین کا بنایا ہوا لکڑی کا کلیسا کب جل کر خاکستر ہو گیا؟ چھٹی صدی میں

537۔ آیا صوفیا کے نام سے 532ء میں کلیسا کس نے تعمیر کروایا؟ قیصر جسٹینین اول

538۔ آیا صوفیا کی تعمیر کی مدّت کتنی ہے؟ 5 سال 10 ماہ

539۔ آیا صوفیا کی تعمیر میں کتنے معماروں نے حصّہ لیا؟ 10,000

540۔ آیا صوفیا کی تعمیر میں کتنا خرچ آیا؟10,00,000 پاؤنڈ

541۔ آیا صوفیا کے سربراہ کو کونسا مرتبہ دیا گیا؟اسکندری وانطاکیہ کے بطریوں کے برابر

542۔ مشرقی سلطنت کا مرکز کیا تھا؟قسطنطنیہ

543۔ قسطنطنیہ کا سب سے بڑا مذہبی راہنما کہلاتا تھا؟بطریرک

544۔ مغربی سلطنت کا مرکز کیا تھا؟روم

545۔ روم کا مذہبی پیشوا کہلاتا تھا؟پوپ

546۔ مشرقی و مغربی کلیساؤں میں جدائی کب ہوئی؟1054م میں

547۔ کلیساؤں کی جدائی کے بعد مشرقی کلیسا کیا کہلایا؟آرتھوڈکس

548۔ کلیساؤں کی جدائی کے بعد مغربی کلیسا کیا کہلایا؟کیتھولک

549۔ عیسائیت میں پوپ کو کیا قرار دیا گیا؟معصوم

550۔ پوپ کے اختیارات ختم کرنے کیلیئے کس نام سے نیا مکتبِ فکر ظاہر ہوا؟پروٹسٹنٹ

551۔ عیسائیوں کے ہاں خدا کتنے اقانیم سے مرکّب ہے؟3

552۔ عیسائیوں کے ہاں خدا کونسے اقانیم سے مرکّب ہے؟باپ، بیٹا، روح القدس

553۔ اقانیمِ ثلاثہ میں باپ سے مراد کیا ہے؟تنہا ذاتِ خدا

554۔ اقانیمِ ثلاثہ میں بیٹے سے مراد کیا ہے؟خدا کی صفتِ کلام

555۔ اقانیمِ ثلاثہ میں روح القدس سے مراد کیا ہے؟دونوں کے درمیان محبت کی صفت

556۔ بعض عیسائی تیسرا اقنوم کن کو مانتے ہیں؟ حضرت مریم رضی اللہ عنہا

557۔ عیسائی حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کیا مانتے ہیں؟ خدا کا انسانی وجود

558۔ عیسائی عقائد کیمطابق حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کو کس پر پھانسی دی گئی؟ صلیب

559۔ عیسائی عقائد کیمطابق حضرت مسیح علیہ الصّلوٰۃ و السّلام مصلوب ہونے کیبعد جب دفن ہوئے تو کتنے دن بعد پھر زندہ ہو گئے؟ 3

560۔ نصارٰی کے کتنے فرقے ہوئے ہیں؟ 72

561۔ نصارٰی کے 72 فرقوں میں سے مشہور فرقے کتنے ہیں؟ 3

562۔ نصارٰی کے 72 فرقوں میں سے مشہور فرقے کونسے ہیں؟ ملکانیہ، نسطوریہ، یعقوبیہ

563۔ موجودہ دَور میں عیسائیوں کے کتنے فرقے تعداد کے لحاظ سے بڑے ہیں؟ 3

564۔ موجودہ دَور میں عیسائیوں کے کونسے فرقے تعداد کے لحاظ سے بڑے ہیں؟ کیتھولک، پروٹسٹنٹ، آرتھوڈکس

565۔ کیتھولک، پروٹسٹنٹ، آرتھوڈکس کتنے مسائل میں متّفق ہیں؟ 4

566۔ کیتھولک، پروٹسٹنٹ، آرتھوڈکس کونسے مسائل میں متّفق ہیں؟ تثلیث، حلول، مصلوبیت، کفّارہ

567۔ کیتھولک، پروٹسٹنٹ، آرتھوڈکس کا کن مسائل میں اختلاف ہے؟ حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی حیثیت کے بارے میں

568۔ کیتھولک کونسا لفظ ہے؟ یونانی

569۔ کیتھولک کا معنی ہے؟عام یا عالَمی

570۔ عیسائیوں کا عالَمی مذہب کونسا ہے؟ کیتھولک

571۔ مغربی کلیسا کا بانی کون ہے؟ پطرس

572۔ پطرس کا کلیسا کس کا پیروکار ہے؟ رومی پوپ

573۔ کیتھولک کے ہاں روح القدس کا ظہور کس سے ہوا؟ باپ اور بیٹے دونوں سے

574۔ بادشاہ اور کلیسا کی لڑائی میں کونسے عقائد ظاہر ہوئے؟ پوپ کا خطاء سے معصوم ہونا،اسکی مشیت کا مشیتِ الٰہی و فیصلۂِ الٰہی ہونا

575۔ بادشاہ اور کلیسا کی لڑائی میں کس نے اپنے عہدے سے ناجائز فائدہ اٹھایا؟ پوپ انوسینٹ چہارم

576۔ یورپ میں کس چیز نے خاندانی زندگی کو تباہ کیا؟ رہبانیت

577۔ پروٹسٹنٹ کا معنی ہیں؟احتجاج کرنیوالا

578۔ پروٹسٹنٹ فرقے کادوسرا نام کیاہے؟انجیلی فرقہ

579۔ پروٹسٹنٹ فرقہ کس کا پیروکار ہے؟انجیل

580۔ کس فرقے کے ہاں ہر عیسائی کو انجیل سمجھنے کا حق ہے؟ پروٹسٹنٹ

581۔ پروٹسٹنٹ کب وجود میں آیا؟سولہویں صدی کے شروع میں

582۔ پروٹسٹنٹ کا اصلِ محرّک کون ہے؟مارٹن لوتھر

583۔ پاکستان میں رہنے والے اکثر عیسائی کس فرقے سے تعلق رکھتے ہیں؟ پروٹسٹنٹ

584۔ آر تھوڈکس کونسا لفظ ہے ؟ یونانی

585۔ آر تھوڈکس کتنے الفاظ سے مرکّب ہے ؟2

586۔ آر تھوڈکس کونسے الفاظ سے مرکّب ہے ؟ آر تھو، ڈکس

587۔ آر تھو کا معنی ہے ؟ حق

588۔ڈکس کا معنی ہے ؟ مسلک

589۔ آر تھوڈکس فرقے کے کلیسا کو کیا کہا جاتا ہے ؟ مشرقی و یونانی فرقہ

590۔ مغربی کیتھولک فرقے سے 1054م میں کون جدا ہوا؟ آر تھوڈکس

591۔ آر تھوڈکس کے ہاں روح القدس کا ظہور کس سے ہوا؟ صرف خدا باپ سے

592۔ آر تھوڈکس کے ہاں معبود باپ اور معبود بیٹے میں افضل کون ہے ؟معبود باپ

593۔ آر تھوڈکس فرقے کی نمائندگی قسطنطینی کلیسے کے پاس تھی ؟اُنّیسویں صدی کے آخِر میں

594۔ کس نے 1453ء میں اپنے آپکو آر تھوڈکس فرقے کا اصل جانشین قرار دیا؟ روسی کلیسا

595۔عیسائیوں کی مقدس الہامی کتب کتنے حصّوں پر مشتمل ہیں ؟2

596۔عیسائیوں کی مقدس الہامی کتب کونسے حصّوں پر مشتمل ہیں ؟عہد نامہ قدیم وعتیق، عہد نامہ جدید

597۔عیسائیوں اور یہودیوں میں کونسا عہد نامہ مشترک ہے ؟ عہد نامہ قدیم وعتیق

598۔بائبل کا حصّہ اوّل مشتمل ہے ؟ عہد نامہ قدیم وعتیق پر

599۔ عہد نامہ قدیم وعتیق میں کتنی کتب ہیں ؟39

600۔پروٹسٹنٹ عہد نامہ قدیم و عتیق کی 39 کتب میں سے کتنی کتب کو جعلی قرار دیتا ہے؟7

601۔عہد نامہ قدیم و عتیق کا تعلّق کس زمانے سے ہے؟زمانۂ قبل از مسیح

602۔بائبل کا حصّہ دوم کس پر مشتمل ہے؟عہد نامہ جدید پر

603۔عہد نامہ جدید میں کتنی کتب ہیں؟27

604۔ستائیس کتب کا مجموعہ کیا ہے؟اناجیلِ اربعہ،رسولوں کے اعمال،دیگر کتب و خطوط

605۔اناجیلِ اربعہ کے نام کیا ہیں؟متّٰی،مرقس،لوقا،یوحنا

606۔رسولوں کے اعمال کا مصنّف کون ہے؟لوقا

607۔لوقا کس کا شاگرد و ساتھی تھا؟پولس

608۔پوپ نے عہد نامہ جدید کا مجموعہ کب مستند قرار دیا؟پانچویں صدی کے اواخر میں

609۔اناجیل کی حیثیت کس طرح کی ہے؟حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوۃو السّلام کی سوانح عمری کی

610۔اناجیل کے مصنّفین ہیں؟مجہول الحال اشخاص

611۔اناجیل کس زبان میں لکھی گئی؟یونانی

612۔اناجیلِ اربعہ کو چوتھی صدی میں کس نے قرعہ اندازی سے منتخب کیا؟نیقیہ کونسل نے

613۔انجیلِ متّٰی کا مؤلّف کون ہے؟متّٰی حواری

614۔قلودیوس نے کتنے سال حکومت کی؟14

615۔انجیلِ متّٰی کس زبان میں مشہور ہوئی؟یونانی

616۔انجیلِ مرقس کا مؤلّف کون ہے؟مرقس

617۔مرقس کا مذہب کیا ہے؟یہودیت

618۔حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے ظہور کے وقت مرقس کا خاندان کہاں مقیم تھا؟یروشلم

619۔مرقس کن کا شاگرد تھا؟حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کے حواری پطرس

620۔مرقس کے ماموں کا نام کیا ہے؟برناباس

621۔انجیلِ مرقس کب اور کیوں لکھی گئی؟شہنشاہ نیرون کے دَور میں اہلِ روم کے مطالبے پر

622۔حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی الوہیت کے منکر کون تھے؟مرقس اور انکا استاد پطرس

623۔انجیلِ لوقا کا مؤلّف کون تھا؟پولس کا شاگرد

624۔برطانیہ کے انسائیکلوپیڈیا کی تالیف میں کتنے عُلَماءِ نصارٰی شریک تھے؟500

625۔عام عیسائی مؤرخین کے ہاں کونسی انجیل الوہیتِ مسیح کو صراحتاً بیان کرتی ہے؟انجیلِ یوحنا

626۔کس حواری نے حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام سے براہِ راست فیض پایا؟برناباس

627۔برناباس کی کتاب کا نام کیا ہے؟گوسپل آف برناباس

628۔انجیلِ برناباس کا پرانا نسخہ کتنے سال پہلے ملا؟250

629۔حمد خوانی کیلئے عیسائی لوگ کلیسا میں کب جمع ہوتے ہیں؟ہر روز صبح و شام

630۔عیسائیت کے تمام فرقوں کی مشترکہ عبادت کیا ہے؟اتوار کو چرچ میں جمع ہونا،بائبل کی تلاوت،
بَپتِسمہ،خطبہ

631۔ بَپتِسمہ کا لغوی معنی کیا ہے؟ پانی سے دھونا

632۔ کس رسم کی ادائیگی کے بغیر کسی کو عیسائی نہیں کہا جا سکتا؟ بَپتِسمہ

633۔ بَپتِسمہ لینے سے انسان کس کے واسطے سے مر کر دوبارہ زندگی پاتا ہے؟ یسوع

634۔ عیسائی ہونے کیلئے رسمِ بَپتِسمہ میں شخص کا منہ کس طرف ہوتا ہے؟ مغرب کیطرف

635۔ رسمِ بَپتِسمہ کے بعد شخص کو کس صورت میں کلیسا لے جایا جاتا ہے؟ جلوس کی

636۔ رسمِ بَپتِسمہ کیلئے کونسا وقت مقرر ہے؟ کوئی وقت مقرر نہیں

637۔ عشائے ربانی کیا ہے؟ حضرت عیسیٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا اپنے شاگردوں کیساتھ عشاء کا کھانا کھانا

638۔ عشائے ربانی کا تذکرہ کہاں ہے؟ انجیلِ متّیٰ میں

639۔ عشائے ربانی کے متعلّق انجیلِ لوقا میں کیا الفاظ ہیں؟ میری یادگاری کیلئے یہی کیا کرو

640۔ عشائے ربانی میں شرکت کیلئے کس چیز کا دیا جا چکا ہونا لازمی ہے؟ بَپتِسمہ

641۔ عشائے ربانی کو کس دن واجب قرار دیا جاتا ہے؟ اتوار

642۔ کیتھولک چرچ کیمطابق سال میں کتنی بار اقرارِ گناہ و توبہ لازم ہے؟ کم از کم 1 بار

643۔ کیتھولک عیسائیوں کے ہاں بیماروں کا مسح رسم کن کیساتھ ادا کی جاتی ہے؟ بیماروں کیساتھ

644۔ عیسائیوں کے مختلف تہواروں میں کتنے مواقع زیادہ اہم ہیں؟ 3

645۔ عیسائیوں کے مختلف تہواروں میں کونسے مواقع زیادہ اہم ہیں؟ اتوار کا دن، کرسمس، ایسٹر

646۔ سنڈے کا معنیٰ کیا ہے؟ سورج کا دن

647۔یونانی مشرکوں کے ہاں اتوار کس لیے مقرر تھا؟سورج کی پوجا کیلئے

648۔کرسمس کب منایا جاتا ہے؟25دسمبر کو

649۔عیسائیوں کیمطابق حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کی ولادت ہوئی؟25دسمبر کو

650۔ایسٹر کب منایا جاتا ہے؟21مارچ کو

651۔ایرانی ایسٹر کو کیا کہتے ہیں؟نوروز

652۔ہندو ایسٹر کو کس کا موقع قرار دیتے ہیں؟بنت

653۔مصر و آئرلینڈ ایسٹر کو کیا کہتے ہیں؟آسٹر

654۔آسٹر کا مطلب کیا ہے؟بہار کی دیوی

655۔حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام اور انجیل کی تعلیمات کی بنیاد کس پر تھی؟عقیدۂِ توحید پر

656۔زمانۂِ نبَوی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام میں انجیل کی کتنی قسم کی تحریفات ملتی تھیں؟کم و بیش30سے زائد

657۔عیسائیوں کیمطابق اب حضرت عیسٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کہاں بیٹھے ہیں؟خدا کے دائیں ہاتھ پر

658۔عیسائیت میں بیوی کو طلاق دینے کی صورتیں کتنی ہیں؟1

659۔عیسائیت میں بیوی کو طلاق دینے کی صورت کونسی ہے؟بدکاری

660۔قرآن کیمطابق زوج و زوجہ میں جھگڑے کی صورت میں دونوں گھر والوں کیطرف سے کتنے مُنصِف مقرر کیے جائیں گے؟ایک ایک

661۔عیسائیت کس غیر فطری عمل پر مبنی ہے؟رہبانیت پر

662۔ رہبانیت کو عیسائیت میں کب داخل کیا گیا؟ چوتھی صدی عیسوی میں

663۔ موجودہ عیسائیت کی اصل بنیاد کس نے رکھی؟ پولس نامی یہودی نے

664۔ موجودہ عیسائیت میں توحید کو کس میں بدل دیا گیا؟ تثلیث و تجسیم میں

665۔ عیسائیوں نے حضرت نوح علیہ الصّلوٰۃ و السّلام پر کیا تہمت لگائی؟ شراب پینے اور ڈیرے میں برَہنہ ہونے کی

666۔ عیسائیوں نے حضرت لوط علیہ الصّلوٰۃ و السّلام پر کیا تہمت لگائی؟ زنا کی

667۔ آج کے عیسائی کس کی تعلیمات کو مانتے ہیں؟ سینٹ پال

# صابئہ / مندائیہ

668۔ صابِئہ کی مذہبی کتب کس زبان میں ہیں؟ آرامی

669۔ صابئین کس کی عبادت کرتے تھے؟ ستاروں کی

670۔ صابئین کیمطابق اللہ تعالیٰ نے دعا کا قبلہ کس کو بنایا؟ ستاروں کو

671۔ صابئین کیمطابق اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کی تدبیر کس کے سپرد کی؟ ستاروں کے

672۔ صابِئہ کس زبان کا لفظ ہے؟ عرَبی

673۔ صابِئہ کے لغوی معنی ہیں؟ایک دین سے دوسرے دین کی جانب نکلنا

674۔ جو اپنا دین و مذہب چھوڑ کر دوسرا دین اختیار کرے اسے کیا کہتے ہیں؟ صابی

675۔ صبغ کا لغوی معنی کیا ہے؟ غوطہ دینا

676۔ صبا کا معنی کیا ہے؟ستارہ طلوع ہونا

677۔ کتاب میں صابِئہ کے مزید نام کتنے ہیں؟2

678۔ کتاب میں صابِئہ کے مزید نام کونسے ہیں؟ مندائیہ، مینڈین

679۔ مندائیہ کس زبان کالفظ ہے؟ عرَبی

680۔ مندائیہ کا معنی کیا ہے؟معتسلہ

681۔ مینڈین کس زبان کالفظ ہے؟ آرامی

682۔ مینڈین کا معنی کیا ہے؟علم والے

683۔ مینڈین میں علمِ ہیئَت کا ماہر کون تھا؟ثابت بن قرہ اور البتانی

684۔ مینڈین میں ماہرِ علمِ کائنات جوئی کون تھا؟سنان بن ثابت

685۔ مینڈین میں ریاضی دان کا ماہر کون تھا؟ابو جعفر الخازن

686۔الفلاحةُ النّبطية کا مصنّف کون ہے؟ابن الوحشیہ

687۔ مذہبِ صابئہ سامی مذہب کیوں کہلاتا ہے؟ سیّدنا سام بن نوح علیہ الصّلوٰۃ و السّلام کیطرف نسبت کی بناپر

688۔ مشرقِ وُسطٰی میں آباد قومیں کن کی ذرّیت سے ہیں؟ سیّدنا سام بن نوح علیہ الصّلوٰۃ والسّلام

689۔ جن مذاہب کا مسکن مشرقِ وُسطٰی ہے ان مذاہب کو کیا کہا جاتا ہے؟ سامی مذاہب

690۔ عراق کے سامی مذاہب والوں کا دعوٰی کیا ہے؟ انکا دین حضرت آدم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے دَور کا ہے

691۔ صابئین کا روحانی پیشوا کون تھا؟ شیخ عبد اللہ بن شیخ

692۔ صابئین کیمطابق خالق کا تقرُّب کیسے حاصل ہو سکتا ہے؟ مقدس و مقرّب وسیلوں کے ذریعے

693۔ صابئین کس کو اللہ تعالٰی کے ہاں وسیلہ اور اپنا ربّ مانتے ہیں؟ روحوں کو

694۔ صابئہ کتنے اشخاص کو پیغمبر مانتے ہیں؟ 4

695۔ صابئہ کونسے اشخاص کو پیغمبر مانتے ہیں؟ حضرت یحیٰی علیہ الصّلوٰۃ والسّلام، عاذیمون، ہرمس، اور فیوس

696۔ محقّقین کیمطابق عاذیمون سے مراد کون ہیں؟ حضرت شیث علیہ الصّلوٰۃ والسّلام

697۔ محقّقین کیمطابق ہرمس سے مراد کون ہیں؟ حضرت اِدریس علیہ الصّلوٰۃ والسّلام

698۔ صابئہ کواکب پرستی کے قائل ہو کر کتنے گروہوں میں منقسم ہو گئے؟ 2

699۔ صابئہ کواکب پرستی کے قائل ہو کر کونسے گروہوں میں منقسم ہو گئے؟ ستاروں کی براہِ راست پوجا کرنیوالے، ہاتھ سے بنی مورتیوں کی پوجا کرنیوالے

700۔ ستاروں کی براہِ راست پرَستِش کرنیوالوں کو کہا جاتا ہے؟ مُعابِد

701۔ صابئین کے خیال میں بارش پر کیا چیز اثر انداز ہوتی ہے ؟ستاروں کا طلوع وغروب ہونا

702۔ صابئہ کے قدیم و مشہور فرقے کتنے ہیں ؟4

703۔ صابئہ کے قدیم و مشہور فرقے کونسے ہیں ؟روحانیات ،ہیاکل ،اشخاص ،حلوکیہ

704۔ صابئین عُلَماء کے مراتب کتنے ہیں ؟6

705۔ صابئین عُلَماء کے مراتب کونسے ہیں ؟حلالی ،الترمیدہ ،الاُبَیسَق ،الکنزبرا ،ریش آمۃ ،الرّبّانی

706۔ حلالی کادوسرانام کیاہے ؟الشّماس

707۔ حلالی کو کس سے شادی کرنے کاحق حاصل نہیں ؟شادی شدہ عورت سے

708۔ حلالی کاشادی شدہ سے شادی کرنے کاکفّارہ کیاہے ؟دونوں 360 بار بہتی نہر میں غسل کریں

709۔ حلالی جب مقدس کتب پر عبور حاصل کرلے تو کتنے دن تک بیدار رہے گا؟7

710۔ ترمیدہ کی ذمّہ داری کیاہے ؟صرف کنواری لڑکیوں کاعقد کرانا

711۔ ترمیدہ کب اُبَیسَق کے مقام پر پہنچ جاتاہے ؟جب بیوہ عورتوں کاعقد کرائے

712۔ فاضِل ترمیدہ جب کنزاربّا یاد کرلے تو اسے کونساحقّ حاصل ہوجائیگا؟کنزاربّا کی تفسیر کا

713۔ صابئہ کے ہاں کس مرتبے تک کوئی راہنما نہیں پہنچا؟رئیسِ امّت

714۔ صابئہ کے ہاں ربانی مرتبے تک کون پہنچے ؟صرف حضرت یحیٰی علیہ الصّلوٰۃ و السّلام

715۔ صابئہ کیمطابق کس مقام تک 2افراد بیک وقت نہیں پہنچ سکتے ؟ربانی

716۔ صابئہ کیمطابق ربانی کہاں رہتاہے ؟عالَمِ انوار میں

717۔صابئہ کے ہاں مقدس کتب کتنی ہیں؟12

718۔صابئہ کے ہاں مقدس کتب کونسی ہیں؟کنزاربّا، دراشہ ادیہیا،غلستا، سدرۃ اِدنشماثا، الدّیونان، اِسفر ملواشتہ ،النّیانی، قماھاذہیقل زیوا، تفسیرِ بغرہ، ترسسر الف شیالہ، طقوس التّطہیر، کداواکدفیانا

719۔صابئہ کی مقدس کتب کس زبان میں ہیں؟سامی

720۔صابئہ کی سامی زبان میں لکھی ہوئی کتب کس زبان سے ملتی ہیں؟سریانی

721۔کنزاربّا کالغوی معنی کیاہے؟عظیم کتاب

722۔صابئین کیمطابق کنزاربّا کس نبی کو دیے گئے آسمانی صحیفے ہیں؟حضرت آدم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام

723۔کنزاربّا کامکمّل نسخہ کہاں ہے؟عراقی میوزیم میں

724۔کنزاربّا 1815ء میں کہاں سے شائع ہوئی؟کوپنہاجن

725۔کنزاربّا 1867ء میں کہاں سے شائع ہوئی؟لایبزیغ

726۔دراشہ ادیہیا کس نبی کی تعلیمات وسوانح حیات پر مشتمل ہے؟حضرت یحییٰ علیہ الصّلوٰۃ والسّلام

727۔غلستا میں کس کاذکرہے؟صابئین کے دینی جشن وعقدِ نکاح کا

728۔سدرۃ اِدنشماثا میں کس کاذکرہے؟بپتِسمہ، تدفین، سوگ

729۔سدرۃ اِدنشماثا کاجدید نسخہ کہاں ہے؟عراقی میوزیم میں

730۔سدرۃ اِدنشماثا کس زبان میں لکھاہواہے؟مندائی

731۔اِسفر ملواشتہ کالغوی معنی کیاہے؟سفر البروج

732۔ نیانی کا معنی کیاہے؟ ترانے و دینی اَوراد

733۔ نیانی کا نسخہ کہاں ہے؟ عراقی میوزیم میں

734۔ قماھاذ ہیقل زیوا کتنی سطروں پر مشتمل ہے؟200

735۔ قماھاذ ہیقل زیوا کا دوسرا نام کیاہے؟ حجاب

736۔ اعتقادِ صابئین کیمطابق کس کتاب کو اٹھانے پر آگ یا ہتھیار موَثّر نہیں ہوتا؟ قماھاذ ہیقل زیوا

737۔ تفسیر بغرہ میں کس کا ذکر ہے؟ انسانی جسم کی بناوٹ و ساخت

738۔ ترسسر الف شیالہ میں کتنے سوالات ہیں؟12,000

739۔ کداوا کد فیانا کونسی کتاب ہے؟ پناہ و تعوُّذ کی

740۔ صابئہ کی عبادت گاہ کو کیا کہتے ہیں؟ مندی

741۔ مندی کہاں تعمیر کیا جاتا ہے؟ بہتے دریاؤں کے دائیں ساحل پر

742۔ مندی میں جنوبی سمت میں کتنے دروازے ہوتے ہیں؟ 1

743۔ مندی میں کس کا داخلہ منع ہے؟ عورتوں کا

744۔ مندی کے اوپر دوران عبادت کس کا جھنڈا لہرانا لازمی ہے؟ حضرت یحییٰ علیہ الصّلوۃ والسّلام

745۔ صابئین کے ہاں دن میں کتنی بار نماز ادا کی جاتی ہے؟3

746۔ صابئین کے ہاں کب کب نماز ادا کی جاتی ہے؟ طلوعِ آفتاب سے قبل، بوقتِ زوالِ آفتاب، غروبِ آفتاب سے قبل

747۔ صابئین کے ہاں اتوار اور تہواروں کے موقع پر جماعت سے نماز ادا کرنا ہے ؟ مستحب

748۔ صابئین کی نماز کتنے گھنٹے جاری رہتی ہے ؟ تقریباً سوا گھنٹے

749۔ صابئین کی نماز میں نمازی کتنی مرتبہ قراءت کرتا ہے ؟7

750۔ صابئین کے ہاں روزے کا حکم کیا ہے ؟ حرام

751۔ صابئین کے ہاں پہلے کتنی طرح کے روزے مشروع تھے ؟2

752۔ صابئین کے ہاں پہلے کونسے روزے مشروع تھے ؟بڑا روزہ، چھوٹا روزہ

753۔ صابئین کے ہاں بڑا روزہ کیا ہے ؟ کبائر و گندی خصلتوں سے اجتناب

754۔ صابئین چھوٹے روزوں میں سال کے مختلف کتنے دن حلال گوشت کھانے سے پرہیز کرتے ؟32

755۔ الفہرست کا مصنّف کون ہے ؟ابن الندیم

756۔ تاریخ مختصر الدول کا مصنّف کون ہے ؟ابن العبری

757۔ قدیم زمانے میں صابئین ہر سال کتنے روزے رکھتے تھے ؟30

758۔ صابئین کیمطابق غسلِ جنابت میں غسل کی نیت سے کتنی بار پانی میں ڈُبکی لگائے ؟3

759۔ صابئین عیدِ کبیر میں کتنے گھنٹوں کیلیئے اعتِکاف میں بیٹھتے ہیں ؟36

760۔ صابئین کی عید کتنے دنوں تک رہتی ہے ؟4

761۔ صابئین عیدِ کبیر کے کتنے دنوں بعد عیدِ صغیر مناتے ہیں ؟118

762۔ صابئین عیدِیحیٰی کس مناسبت سے مناتے ہیں ؟ پیدائشِ حضرت یحیٰی علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کی

763۔ صابئین عیدِیحییٰ کتنے دن مناتے ہیں؟ 1

764۔ صابئین کے ہاں دوشیزگی کی تفتیش کون کرتی ہے؟ کنزبرا کی والدہ یا بیوی

765۔ صابئین کے ہاں کس کے توسُّط سے زوجین میں تفریق کروائی جاسکتی ہے؟ کنزبرا

766۔ صابئین کس کا ذبح کیا ہوا ذبیحہ کھاتے ہیں؟ صرف عالِم کا

767۔ صابئین کے ہاں بعدِ غروبِ آفتاب یا قبلِ طلوعِ آفتاب جانور ذبح کرنا ہے؟ حرام

768۔ صابئین کے ہاں عیدِ پنجہ کے دن جانور ذبح کرنا ہے؟ جائز

769۔ صابئین اصطباغ یعنی بَپتِسمہ کی رسم کہاں ادا کرتے ہیں؟ تازہ پانی میں

770۔ صابئین کے ہاں بَپتِسمہ کی اقسام کتنی ہیں؟ 3

771۔ صابئین کے ہاں بَپتِسمہ کی اقسام کونسی ہیں؟ پیدائش، نکاح، اجتماعی بَپتِسمہ

772۔ صابئین کے ہاں بچّہ کتنے دن کا ہو جائے تو اسے بَپتِسمہ دیا جاتا ہے؟ 45

773۔ صابئین کے ہاں رسمِ نکاح کس کی موجودگی میں ادا کی جاتی ہے؟ ترمیدہ اور کنزبرا

774۔ صابئین کے ہاں دولہا دلہن 1 برتن سے نہر کا پانی پیتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟ ممبوہہ

775۔ صابئین کے ہاں دولہا دلہن جو کھانا کھاتے ہیں اسکا نام کیا ہے؟ بہثہ

776۔ صابئین کے ہاں دولہا دلہن کو کتنے دنوں تک الگ رکھا جاتا ہے؟ 7

777۔ صابئین کے ہاں کب اجتماعی طور پر بَپتِسمہ لینا لازم ہے؟ ہر سال عیدِ پنجہ کے موقع پر

778۔ صابئین کے ہاں عیدِ پنجہ کے علاوہ رسمِ بَپتِسمہ کب ادا کی جاتی ہے؟ صرف دن میں

779۔ صابئین کے ہاں مرنے کے کتنے گھنٹے بعد تجہیز و تکفین کی جاتی ہے؟ 3

780۔ صابئین کے ہاں تدفین کہاں کی جائے گی؟ جہاں انتِقال ہوا

781۔ قبر میں صابی کا چہرہ اور پاؤں کس کی جانب ہوتے ہیں؟ قطب شمالی کے ستارے کی جانب

782۔ صابئین کے ہاں انتِقال کے موقع پر رونا اور نوحہ کرنے کا کیا حکم ہے؟ حرام

783۔ صابئین کیلئے موت کا دن کونسا موقع ہوتا ہے؟ فرح و سرُور کا

784۔ صابئین کی نماز میں کیا نہیں ہے؟ سجدہ

785۔ صابئین کے ہاں ہر فرد کیلئے شادی کرنے کا کیا حکم ہے؟ فرض

786۔ صابئین کے ہاں دوائی کے استعمال کا کیا حکم ہے؟ حرام